صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

مباحثات

بروز ہفتہ مورخہ 26 جون 1999

(بمطابق 11 ربیع الاول 1420 ہجری)

جلد 16 شمارہ 9

سرکاری رپورٹ

مندرجات صفحہ نمبر

1۔ تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ 1
2۔ معزز اراکین کی رخصت 2
3۔ ضمنی بجٹ پر بحث 2

صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز ہفتہ مورخہ 26 جون 1999 بمطابق 11 ربیع الاول 1420 ہجری صبح دس بجکر بارہ منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، ہدایت اللہ چمکنی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔
اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ہ فَتَعٰلَی اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ ج لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ ہ وَ مَنْ یَّدْعُ مَعَ اللّٰہِ اِلٰھًا اٰخَرَ لا لَا بُرْھَانَ لَہٗ بِہٖ لا فَاِنَّمَا حِسَابُہٗ عِنْدَ رَبِّہٖ ط اِنَّہٗ لَا یُفْلِحُ الْکٰفِرُوْنَ ہ وَ قُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَ ارْحَمْ وَ اَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ہ ع صَدَقَ اللّٰہُ الْعَظِیْم ہ (سورۃ المومنون آیات 115 تا 118)

(ترجمہ) ہاں تو کیا تمہارا خیال تھا کہ ہم نے تمہیں یوں ہی بلا مقصد پیدا کر دیا ہے اور تم ہمارے پاس لوٹا کر نہ لائے جاؤ گے۔ سو اللہ (بڑا) عالیشان ہے، بادشاہ حقیقی ہے۔ اس کے سوا کوئی بھی معبود نہیں، عرش بزرگ کا مالک اور جو کوئی اللہ کے ساتھ کسی اور خدا کو بھی پکارے حالانکہ اس کے پاس اس پر کوئی دلیل نہیں سو اس کا حساب اس کے پروردگار کے ہاں ہوگا۔ یقیناً کافروں کو فلاح نہ ہوگی اور آپ کہیئے کہ اے پروردگار میری مغفرت کر اور میرے اوپر رحم کر اور تو سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

معزز اراکین کی رخصت

جناب سپیکر۔ ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، سردار محمد مشتاق خان، ایم پی اے، نے 26-6-1999 کیلئے، جناب عاشق رضا سواتی، ایم پی اے، نے 26-6-1999 کیلئے، جناب آفتاب احمد خان شیرپاؤ، ایم پی اے، نے 26-6-1999 کیلئے، جناب محمد شعیب خان، ایم پی اے، نے 26-6-1999 کیلئے، محترم بیگم نسیم ولی خان صاحبہ، ایم پی اے، نے 26-6-1999 کیلئے اور جناب خورشید اعظم خان، ایم پی اے، نے 26-6-1999 کیلئے تو Is it the desire of the House that leave may be granted to the Honourable Members?

(The motion was carried.)

Mr . Speaker: Leave is granted . Honourable Haji Muhammad Adeel , Deputy Speaker , to please initiate discussion on Supplementary Budget, 1998-99. Haji Muhammad Adeel Khan.

ضمنی بجٹ پر بحث

حاجی محمد عدیل۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب! پتہ نہیں ہے کہ سپلیمنٹری بجٹ پر تو کون وزیر خزانہ کا کردار ادا کرے گا چونکہ وزیر خزانہ موجود نہیں ہیں، لاء منسٹر بھی نہیں ہیں اور پیر محمد صاحب بیچارے تو لکھتے رہتے ہیں، بولتے کچھ نہیں ہیں، "کوارٹر چیف منسٹر" بھی غیر حاضر ہیں۔

جناب سپیکر۔ آپ جب Acting Speaker تھے تو Acting Governor نے آپ کو ایک دفعہ کچھ Message دیا تھا پیر محمد خان کے بارے میں لیکن آپ نے اس پر کچھ عمل بھی نہیں کیا۔ (قہقہہ)

حاجی محمد عدیل۔ جناب سپیکر! مجھے بعد میں پتہ چلا کہ جس وقت Acting Governor وہ Message دے رہے تھے، پیر محمد خان صاحب ان کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ (قہقہہ) جناب سپیکر! سپلیمنٹری بجٹ کو عام طور پر اہمیت نہیں دی جاتی اور آج ہاؤس میں جو نفری ہے، اس سے بھی یہ احساس ہوتا ہے کہ -------

جناب بشیر احمد بلور۔ جناب سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر۔ Sorry جی، انہوں نے

"نفری" کہا ہے۔ ہم اس ہاؤس کے آنریبل ممبرز ہیں -----

حاجی محمد عدیل: میں نے "نفری" تعداد کے حوالے سے کہا ہے۔

جناب بشیر احمد بلور: "نفری" کا لفظ کہا ہے، یہ ٹھیک نہیں ہے۔ ہم Honourable Members of this House ہیں -------

حاجی محمد عدیل: آپ ذرا فیروز اللغات پڑھیں، تعداد کیلئے نفری کہا جاتا ہے -------

جناب بشیر احمد بلور: وہ تعداد نہیں ہے، تعداد کیلئے عام لفظ استعمال ہوتا ہے۔ ہر لفظ کے استعمال کی ایک جگہ ہوتی ہے، ہم آنریبل ممبرز ہیں۔

حاجی محمد عدیل: جناب سپیکر! تعداد کم ہے، چلیں اگر "نفری" پر خفا ہوتے ہیں۔ جناب سپیکر! میں پریس کے ساتھیوں سے بھی آپ کی وساطت سے درخواست کرونگا کہ جب ہم اس ایوان میں کوئی شعر کہتے ہیں، کوئی لطیفہ سناتے ہیں تو دوسرے دن وہ اخبار میں آجاتا ہے، ہمیں بڑی خوشی ہوتی ہے، Thank you, لیکن جب ہم کچھ فگرز دیتے ہیں، اعداد و شمار کی بات کرتے ہیں تو وہ اخباروں میں نہیں چھپتے۔ میں کوشش کرونگا کہ جب میں فگرز کہوں تو آہستگی سے کہوں کیونکہ سپلیمنٹری بجٹ حکومت کی سال بھر کی کارکردگی کا مظہر ہوتا ہے۔ Annual Budget تو پیش ہوتا ہے کہ اگلے سال کیلئے ہم یہ کریں گے، یہ ہمارا پروگرام ہے، اتنے اخراجات ہیں، اتنی آمدن ہے، اتنا بڑا ڈیویلپمنٹ کا پروگرام ہے، اتنے قرضے لیں گے، اتنے قرضے دیں گے لیکن اگر پچھلے سال یا سال رواں کے بجٹ کو یعنی Annual Budget اور ضمنی بجٹ، دونوں کو اکٹھا Compare کیا جائے تو یہ پتہ چل سکتا ہے کہ حکومت نے رواں سال میں کتنے اخراجات کئے ہیں، کن کن مدوں میں کئے ہیں، اپنے ڈیویلپمنٹ پروگرام وہ کہاں تک Achieve کر سکے اور کہاں تک انہوں نے نئے اخراجات کئے ہیں؛ تو حکومت کی تمام کارروائیوں کو دیکھنے اور سمجھنے کیلئے ضمنی بجٹ بڑا اہم ہے۔ جناب سپیکر! مجھے دکھ سے کہنا پڑتا ہے کہ ماضی میں ضمنی بجٹ پر جب بھی تقریریں ہوئی ہیں، سوائے پچھلے سال کے، بڑی مختصر تقریریں ہوتی ہیں، مختصر انداز سے ضمنی بجٹ کو لیا جاتا ہے کیونکہ عام طور پر یہ ٹیکنیکل حکمت عملی ہے کہ ضمنی بجٹ میں جو وزیر اعلیٰ، وزیر خزانہ کی جو تقریر ہوتی ہے، وہ چند صفحوں یعنی دو چار صفحوں پر مشتمل ہوتی ہے اور وہ کہتے ہیں کہ یہ ہماری مجبوری ہے، ٹیکنیکل گراونڈز پر ہم یہ سپلیمنٹری بجٹ پیش کر رہے ہیں اور اس پر بھی ایک قسم کا پردہ ہے اپنی تمام

Activities پر ڈالا جاتا ہے۔ جناب سپیکر! آپ کی ایک رولنگ کا میں حوالہ دینا چاہتا ہوں جو میرے ایک پوائنٹ آف آرڈر پر 29-06-1998 کو آپ نے دی تھی۔ میں نے یہ استدعا کی تھی کہ آرٹیکل 124 کے تحت آیا یہ Document جیسے ہم سپلیمنٹری بجٹ کہتے ہیں، صرف سپلینمٹری بجٹ ہے یا Excess expenditure Budget بھی ہے؟ آپ نے تفصیلی رولنگ دی ہے اور آپ نے کہا تھا کہ ضروری نہیں ہے کہ اس پر ضمنی بجٹ کے علاوہ Excess Budget Statement بھی لکھا جائے۔ ہمیں آپ کی رولنگ کا احترام ہے جناب سپیکر، لیکن میں ایک بات پوچھتا ہوں آپ کی وساطت سے حکومت سے کہ یہ Supplementary Budget Statement for 1998-99 تو ہے لیکن Excess Budget Statement for 1997-98 کہاں ہے؟ کیا حکومت پچھلے سال کی Excess Budget Statement table نہیں کرے گی؟ اور جناب سپیکر، اس مشکل کا احساس پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں بھی ہوتا ہے کہ حکومت Excess Budget Statement جو Under Article 124 آپ کو Table کرنا چاہیئے، اس کا وہی پروسیجر ہے جو کہ بجٹ اور سپلیمنٹری بجٹ کا ہے۔ جب آپ Excess Budget Statement table نہیں کرتے اور آج تک کسی حکومت نے بھی نہیں کیا ہے تو نتیجہ یہ ہے کہ جتنا بھی Excess خرچہ ہوتا ہے بجٹ سے اور سپلیمنٹری بجٹ سے، وہ غیر آئینی اور غیر قانونی ہوتا ہے اور وہ Ultra virus to the Constitution ہوتا ہے۔ جناب سپیکر! یہ سپلیمنٹری بجٹ بھی Estimated ہے۔ اس کا جو Revised آتا ہے، وہ بھی Estimated آتا ہے کیونکہ یہ 15 تاریخ کو پیش ہوا اور 30 جون تک مزید پندرہ دن حکومت کے پاس ہوتے ہیں۔ کل کے بعض اخبارات میں بھی آیا تھا کہ میں نے 31 جون کہا، جبکہ بعض اخبارات میں صحیح آیا ہے کہ وہ میں نے نہیں کہا تھا بلکہ وہ میرے دوست احمد حسن صاحب نے کہا تھا۔ تو جناب سپیکر! -------

جناب احمد حسن خان: دا زمونږ گناه ده جناب سپیکر، چه نه بی بی د ده تقریر اوریدو له راغلے ده او نه آفتاب خان او زه بیا هم راغلے یم او ناست یم۔

جناب یوسف ایوب خان (وزیر بلدیات): جناب سپیکر! جب کوئی Speech کر رہا ہوتا ہے تو Member should be looking towards you, talking to you. Haji Sahib is looking towards the 'Press' all the time, I don't know, why?

Haji Muhammad Adeel: Because I am a speaker, an honourable eaker.

جناب پیر محمد خان (وزیر مال)، سپیکر صاحب! که پریس والا د حاجی عدیا فوټو او تقریر رانه وستو نو زه به هغوی له ډوډئ اوکړم۔ (قہقہے)

میاں افتخار حسین، جناب سپیکر صاحب! دا وزیران، چه بل څوک تقریر کو نو هډو چا ته گوری نه، خو په حاجی صاحب مئین دی، هر وخت دوئ ، گوری چه دوئ چرته گوری؟ دا ښه ده چه د دوئ خیال ورسره شته۔

حاجی محمد عدیل، جناب سپیکر صاحب! آپ کی رولنگ ہے کہ کسی تقریر میں کو پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہوگا' اگر آپ نے اپنی رولنگ واپس لے لی ہے تو مجھے بڑ خوشی ہو گی۔

ارباب محمد ایوب جان، جناب سپیکر صاحب! منسټران صاحبانو دا bjection اوکړو چه حاجی صاحب پریس ته گوری نو زه د دوئ نه دا تپوس کووم چ آیا دا پریس چه دے نو دا څلورم ستون د جمهوریت دے که نه دے؟ خامخا مونږه ورته گورو۔ هغه هم زمونږه ورونړه دی جی۔ (قہقہے)

حاجی محمد عدیل، جناب سپیکر! جیسے میں نے کہا کہ 15 تاریخ کو یہ udget Statement آیا ہے' Revised/Supplementary ان پندرہ دنوں کے اندر ا حکومت کو وہ وسائل حاصل نہ ہوں جن کی توقع ہے' وہ Receipts نہ ہوں جو یہ سو رہے ہیں کہ شاید ان پندرہ دنوں میں ہمیں ملیں گی اور ان کے اخراجات مختلف مدو ں زیادہ ہو جائیں تو پھر کیا صورتحال بنے گی؟ اس کیلئے آئین میں ان کیلئے یہ گنجائش د گئی ہے کہ فوراً وہ Excess Budget Statement دیں۔ اگر یہ ایسا نہیں کرتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ آئین کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ جناب سپیکر! کچھ سال پہلے' یاد ہے کہ یہ روایت ہوتی تھی کہ سپلیمنٹری بجٹ مئی کے مہینے میں پیش کیا جاتا تھا ا اس پر کافی بحث ہوتی تھی اور حکومت جو Revised Statement دینا چاہتی تھ Expenditures کی یا Income کی تو وہ تیار ہوتی تھی۔ اب ہمارے ہاں یہ پرابلم ہے کہ ہمارا قومی بجٹ دس یا بارہ یا تیرہ تاریخ کو پیش ہوتا ہے اور مجبوراً پراو گورنمنٹ کو Annual Budget اور Supplementary Budget دونوں ایک ہی د پیش کرنے پڑتے ہیں اور پھر اس کے بعد کٹ موشنز بلڈوز ہو جاتی ہیں کیونکہ دن

ہوتے ہیں، پندرہ دن کے اندر اندر سارا پروگرام بنانا پڑتا ہے اور 30 جون سے پہلے بجٹ پاس کرنا ہوتا ہے۔ سپلیمنٹری بجٹ کو صرف دو دن ملتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس روایت کو بدلنا چاہئے۔ میری آپ کی وساطت سے گزارش ہے کہ ہماری وفاقی حکومت کو چاہئے کہ پہلے کی طرح قومی بجٹ مئی کے مہینے میں پیش کرے اور آپ کی اطلاع کیلئے عرض ہے کہ ہندوستان میں بجٹ اپریل کے مہینے میں پیش ہوتا ہے اور برطانیہ میں فروری اور مارچ کے مہینے میں Annual Budget پیش ہوتا ہے، اسلئے کہ انہیں کافی وقت ملتا ہے، اس پر Debates ہوتی ہیں اور حکومت تجاویز پر عمل بھی کر سکتی ہے۔ اب تو یوں ہوتا ہے جناب سپیکر، کہ ایک دن جناب وزیر خزانہ فنانس بل پیش کرتے ہیں اور تین دن کے بعد اس میں پچاس Amendments پیش کر دیتے ہیں۔ اب ان Amendments پر بھی اصولاً بحث ہونی چاہئے۔ اب قومی اسمبلی میں آپ نے دیکھا ہے کہ اسحٰق ڈار صاحب، وزیر خزانہ نے جو فنانس بل پیش کیا ہے، دو دن ہوئے ہیں اور Closing speech میں انہوں نے کافی ترامیم پیش کر دی ہیں۔ اس کے بعد آج بھی میں نے ان کا بیان پڑھا ہے کہ وہ کچھ اور بھی ترامیم کر رہے ہیں۔ تو یہ ایک ایسی روایت ہے جو اچھی نہیں ہے۔ ہمیں پرانی روایت پر چلنا چاہئے۔ جناب سپیکر! کاش وزیر اعلیٰ صاحب موجود ہوتے، کیونکہ انہوں نے اپنی Annual Budget کی تقریر میں ایک شعر پڑھا تھا، جو علامہ اقبال کا تھا کہ

اپنے بھی خفا مجھ سے ہیں بیگانے بھی ناخوش
میں۔ زہر۔ ہلاہل ۔ کو ۔ کبھی ۔۔ کہہ ۔ نہ۔ سکا۔ قند

جناب سپیکر! ان سے ان کے اپنے کیوں ناخوش ہیں؟ بڑے بھی خفا ہیں، چھوٹے بھی خفا ہیں۔ ان کو سوچنا چاہئے اور ہم جو غیر اور بیگانے ہیں، وہ اسلئے خفا ہیں کہ جیسے احمد حسن خان نے کہا تھا کہ کوئی Summary ہمارے حلقوں کے حوالے سے جب ان کے دفتر میں داخل ہو جاتی ہے تو پھر سالوں بعد نکلتی ہے لیکن اقبال نے اس شعر سے پہلے ایک شعر کہا تھا اور وہ میں سمجھتا ہوں کہ میرے حسب حال ہے۔

کہتا ہوں وہی بات سمجھتا ہوں جسے حق
نہ آبلۂ مسجد ہوں (پیر محمد کی طرح)

اور نہ تہذیب کا فرزند (اسفندیار امیر زیب کی طرح) یہ "شعر بیر" تھا۔

جناب سپیکر! وزیر اعلیٰ صاحب نے اپنی ضمنی بجٹ تقریر میں کہا کہ ہمارا Estimated

Revenue Receipts جو ہیں، وہ تقریباً 33004 ملین ہیں اور اس کے ساتھ ہی جو Estimated Annual Budget میں اخراجات تھے جناب سپیکر، وہ بھی اتنے ہی تھے۔ یہ وائٹ پیپر کے صفحہ ایک اور صفحہ دو پر ہیں۔ اب انہوں نے Revised expenditures اور receipts جو دی ہیں، وہ وہ نہیں ہیں، وہ اب پہلے سے کم ہیں، اب 31,726.294 ملین ہیں ۔ Revised receipts بھی اتنی ہی ہیں اور Revised expenditures بھی اتنے ہی ہیں۔ پھر جناب، ان کی اپنی تقریر میں ایک ذکر ہے کہ ہم نے جو Income show کی ہے Net hydel profits سے، وہ 10466 ملین ہے لیکن ہمیں متوقع وصولی چھ ہزار ملین کی ہے، "متوقع وصولی" ۔ جناب سپیکر! اب اس جانب سے ہمیں کوئی بتائے کہ آپ کی "متوقع وصولی" چھ ہزار ملین سے کم بھی ہو سکتی ہے۔ اگر ہم تسلیم کر لیتے ہیں کہ یہ مفروضہ درست ہے کہ شاید آپ کو 30 جون تک چھ ہزار ملین مل جائیں گے تو اس صورت میں 2726 ملین ٹوٹل Receipts آپ کی ہوں گی اور اس طرح 4466 ملین کم ہو جائے گا صرف اس ایک مد میں اور آپ کی جو ٹوٹل انکم ہوگی، Receipts ہوں گی، یہ 27260 ساٹھ ملین ہوگی، تقریباً ستائیس ارب، چھبیس کروڑ، اور یہ آپ کے وائٹ پیپر سے واضح ہے بلکہ لکھا ہوا ہے کہ 4466 ملین متوقع ہیں کہ شاید ہمیں مل جائیں اور نیچے نوٹ میں ہے کہ یہ ہم اسلئے رکھتے ہیں کہ یہ ہمارا Claim رہے۔ جناب سپیکر! جب آپ کی متوقع Receipts ستائیس ہزار، دو سو ساٹھ ملین ہیں تو آپ کے اخراجات جو متوقع ہیں، وہ اکتیس ہزار، سات سو چھبیس ملین کیسے ہو سکتے ہیں؟ اب میں یہ کہوں کہ وائٹ پیپر کا صفحہ 2 ہمیں دھوکا دینے کیلئے بنایا گیا ہے۔ آپ خود ایڈمٹ کرتے ہیں کہ ہماری آمدن کم ہوگی۔ جب آپ کی آمدن کم ہوگی تو آپ اپنے اخراجات کہاں سے پورے کریں گے جو کہ چار ہزار، چار سو چھیاسٹھ ملین کم ہیں؟ میں سمجھتا ہوں کہ اس کا ہمیں جواب چاہئے، اگر یہ جواب نہ دیں تو یہ Financial dishonesty ہوگی۔ آپ نے خود اپنی ضمنی بجٹ کی تقریر میں یہ ایڈمٹ کیا ہے کہ قابل تقسیم ٹیکس کی جو رقوم ہیں، Divisible pool سے ہمیں 1227.7 ملین کم ملے ہیں۔ یہ بھی اعتراف ہے کہ Net profit آپ کو کم ملے ہیں۔ آپ کو Divisible pool سے 1277.7 ملین کم پیسے ملے ہیں تو انہوں نے کہا کہ حکومت نے یہ کوشش کی ہے کہ چونکہ یہ کمی ہوئی ہے، اسلئے غیر ترقیاتی اخراجات میں ہم کمی کریں گے مگر جناب سپیکر، حقیقت کیا ہے؟ حکومت کا یہ Claim کہ ہم نے غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی کی کوشش کی ہے، کمی کی ہے تو جناب سپیکر، پھر میں وائٹ

پیپر کی طرف آتا ہوں اور Current Revenue Expenditure میں آپ دیکھیں گے کہ Tax collecting Department جو Budgetary estimates میں 119.508 ملین خرچہ تھا، اسے بڑھا کر 128.652 کر دیا گیا ہے۔ جناب سپیکر! سول ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کا جو خرچہ تھا، وہ 2952.155 ملین تھا لیکن اسے زیادہ کر دیا گیا یعنی 2963.354 کر دیا گیا۔ جناب! ان دونوں مدوں میں اخراجات میں اضافہ کیا گیا ہے جبکہ یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ ہمارا ڈسپلن تھا، ہم نے اخراجات میں کمی کی ہے۔ ہاں جناب سپیکر، ایک مد میں کمی کی ہے۔ جناب سپیکر! مسلم لیگ کا انتخابی منشور جو 1947 کا تھا، اس میں یہ درج تھا کہ سوشل ایکشن پروگرام پر خصوصی توجہ دی جائے گی اور اس میں اضافہ اور تیزی پیدا کرنے کی اصلاحات کی جائیں گی۔ یہ مسلم لیگ کا قوم سے وعدہ تھا۔ جناب سپیکر! انشاء اللہ کہنے والے سنیں کہ آپ کا عمل یہ ہے کہ آپ نے کمی کی ہے تو سوشل سروسز ڈیپارٹمنٹ میں کی ہے، سوشل اکانومک سروس ڈیپارٹمنٹ میں کی ہے۔ سوشل سروسز ڈیپارٹمنٹ کا 15511.034 ملین بجٹ میں تھا لیکن آپ نے جو خرچ کیا ہے 15011.034 یعنی تقریباً پانچ سو ملین کے قریب اس میں کمی کی ہے۔ اکنامک سروس ڈیپارٹمنٹ میں بھی جو 3660.309 ملین متوقع تھا کہ خرچ کیا جائے گا، آپ نے 3658.134 خرچ کیا۔ جناب! افسوس کی بات یہ ہے کہ آپ اخراجات میں سوشل سیکٹر کو Ignore کرتے ہیں اور آپ کے جو غیر ضروری ڈیپارٹمنٹ اور محکموں پر اخراجات ہیں، ان میں آپ نے اضافہ کر دیا ہے اور یہاں یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ ہم کم کریں گے۔ آپ نے تو اپنے منشور کی بھی خلاف ورزی کی ہے جو آپ کا انتخابی منشور تھا۔ جناب سپیکر! کٹ موشنز پر جب بات ہوگی تو میں تفصیل سے بات کروں گا لیکن تعلیم کے حوالے سے میں ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔ یہ برن ہال سے پڑھے ہیں اور ہم لوگ گورنمنٹ پرائمری اور ہائی سکولوں سے پڑھے ہیں، ہم چٹائی سے پڑھ کر آئے ہیں، ہم نے نلکے کا پانی پیا ہے اور ان کو دودھ کی بوتلیں ملی ہیں ------

جناب احمد حسن خان: "سے پڑھ کر" نہیں ہے بلکہ "پر پڑھ کر"، چٹائی سے پڑھنا ناممکن ہے۔

حاجی محمد عدیل: شکریہ۔ جناب سپیکر! اب جناب وزیر صاحب برن ہال سے پڑھ کر آئے ہیں اور اس پورے ہال کو جلاتے ہیں ------

جناب سپیکر: ڈسک تو کم از کم بجایا کریں جب حاجی صاحب اتنا زبردست جملہ نکال لیتے

ہیں، کمال ہے جی۔ (قہقہے)

جناب یوسف ایوب خان (وزیر بلدیات): حاجی صاحب تیاری کر کے نہیں آئے ہیں۔ یہ برن ہال کا ہمارے سپلیمنٹری بجٹ کے ساتھ کیا تعلق ہے جی؟ (قہقہہ)

حاجی محمد عدیل: میں نے تو یہ نہیں کہا بلکہ آپ کے وزیر کا تو تعلق ہے۔ مجھے یہ خود اپنا سکول دکھانے لے گئے تھے۔ جناب سپیکر! مصیبت یہ ہے کہ بعض چیزیں یوسف ایوب کے سر سے بھی گزر جاتی ہیں، وہ "اپچی سونین" ہیں۔ ان کو بھی پتہ نہیں چلتا کہ ہم کیا کہتے ہیں؛ جناب سپیکر! اب میں صرف ایک حوالہ دیتا ہوں آپ کے سپلیمنٹری بجٹ کی سٹیٹمنٹ کا، صفحہ نمبر 7 ہے۔ کٹ موشن میں بعد میں یہ بات آئے گی لیکن میں مثال دینا چاہتا ہوں کہ اس میں کتنی کمی کی گئی ہے؛ Original جو پیسے رکھے گئے تھے وہ 412 ملین تھے۔ بعد میں یہ کہا گیا کہ ہمیں 349.960 ملین باہر سے آمدن آئی ہے، اس کو ہم Reimburse کریں گے۔ جناب! اگر یہ رقم آپ نے Reimburse کرنی تھی تو ان دونوں رقموں کو جمع کر دینا چاہئے تھا تاکہ رقم تقریباً 800 ملین کے قریب چلی جاتی، 800 ملین سے بھی زیادہ ہو جاتی لیکن ہوا یہ کہ جو Reimbursement والی 349.960 کی جو رقم ہے، اس میں 412 ملین کی بجائے صرف 150 ملین شامل کئے گئے ہیں، اپنی طرف سے Reimbursement کو چھوڑ کر تو نتیجتاً اپنی جانب سے ہم نے ایجوکیشن پر کم خرچ کیا اور میں اس کی مثالیں بھی آگے چل کر دوں گا۔ جناب وزیر خزانہ صاحب نے یہ بھی فرمایا کہ سٹیٹ بینک سے ہم نے ایک پیسہ بھی Over-draft نہیں لیا، یہ ان کی تقریر میں لکھا ہے۔ جناب سپیکر! میں ایک بات پوچھتا ہوں جو بڑی Simple سی بات ہے حبیب اللہ کنڈی کم از کم اتنا سمجھتے ہیں، آپ حساب کتاب کو سمجھتے ہیں کہ اگر آپ نے Overdraft نہیں لیا، آپ نے کفایت شعاری کی، اپنے اخراجات پر کنٹرول کیا تو جناب سپیکر، آپ نے پھر Debt servicing میں پچھلے سال سے زیادہ پیسے کیوں دیئے ہیں؛ آپ تو کہتے ہیں کہ خزانے پر بڑا قرضہ تھا جو ہم نے واپس کیا اور اب ہمارے پیچھے کوئی Overdraft نہیں ہے۔ حبیب اللہ کنڈی صاحب اس کا جواب بے شک دے دیں کہ پچھلے سال 6467.3 ملین Debt servicing پر خرچ ہوا ہے اور اس سال 6692.806 ملین ہے۔ جناب! یہ پچھلے سال سے زیادہ خرچ ہوا ہے۔ یہ ان کی کفایت شعاری ہے؟ یہ آپ کو سٹیٹ بینک نے سرٹیفکیٹ دیا ہے۔ جناب سپیکر! پھر اگلے سال کے Budgetary statement میں دیکھیں تو اس میں مزید اضافہ کیا گیا ہے۔ اب 6692 ملین کی جگہ اگلے

سال انہوں نے جو Propose کیا ہے، وہ 7476 ملین ہے۔ اگر کفایت شعاری کا یہ معیار ہے کہ ہر سال آپ سود زیادہ دیتے جاتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے دوسری مدوں میں جو اس بجٹ کے Document میں شامل نہیں ہیں، اس ایوان سے چھُپائی گئی ہیں، زیادہ قرضہ لیا ہے جس پر آپ سود دے رہے ہیں۔ جناب! ایک اور بات کہ وائٹ پیپر میں غلطی ہے اورہمیں کوئی بتا دے کہ ایک وائٹ پیپر میں ایک جگہ پر ایک Figure ہے اور اس حوالے سے دوسری جگہ پر دوسری Figure دی گئی ہے، 'Debt servicing' میں Page 2 پر کہا گیا ہے کہ اس سال 6692.806 ملین ہم دیں گے اور اسی وائٹ پیپر کے صفحہ 81 پر جناب، 1998-99 کی اس مد میں جو رقم بتائی گئی ہے، وہ 6771 ملین ہے۔ اب مجھے پھر بتائیں کہ آپ جو وائٹ پیپر ہمیں دے رہے ہیں تو ایک جگہ ایک رقم آپ بتا رہے ہیں اور دوسری جگہ چارٹ میں دوسری رقم ہے۔ بد قسمتی یہ ہے کہ وزیر خزانہ صاحب کے ساتھ کوئی اور قابل وزیر نہیں ہیں جو ان کی مدد کر سکیں، ورنہ یہ غلطی ان Documents میں ہونی نہیں چاہئے تھی۔ اب کٹ موشن پر میں آپ کو بتاؤں گا کہ Amounts کی غلطی ہے ------

جناب یوسف ایوب خان (وزیر بلدیات): سر! آپ نے ایک سپیکر کیلئے کتنا ٹائم مقرر کیا ہے؟ I just want to know.

حاجی محمد عدیل: آپ کو پتہ نہیں ہے کہ میں اپنی قائد ------

جناب سپیکر: آج وہ بیگم نسیم ولی خان کی طرف سے تقریر کر رہے ہیں، Leader of Oppostion, today he is ---------

وزیر بلدیات: جناب سپیکر! وہ تو لیڈر آف دی اپوزیشن ہیں جی۔ ڈپٹی سپیکر اور لیڈر آف دی اپوزیشن میں فرق ہوتا ہے سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: حاجی صاحب کے نصیب میں "ایکٹنگ" زیادہ لکھی ہوئی ہے۔ Today he is acting as Leader of the Opposition.

وزیر بلدیات: اچھا، He is acting like one. پھر ٹھیک ہے جی، پھر بے شک تقریر کریں------

جناب احمد حسن خان: جناب سپیکر صاحب! یوسف ایوب صاحب یہ بات نوٹ کر لیں کہ اس بجٹ کو مسترد کرنے کے حوالے سے ہم ایک قرارداد پیش کرنا چاہتے ہیں اور ہم بعد

میں Rule suspension کیلئے Request کریں گے۔ (قہقہے)

حاجی محمد عدیل، جناب سپیکر! میں مشکور ہوں اپنی --------

جناب پیر محمد خان (وزیر مال و محصولات)، سپیکر صاحب! د حاجی عدیل دے نوم سره چرته "ایکٹنگ عدیل" لفظ شریک نه شی۔

حاجی محمد عدیل، جناب سپیکر! جب وزیر خزانہ جوابی تقریر کریں گے تو میں پوائنٹ آف آرڈر پر ہر پانچ منٹ کے بعد اٹھوں گا کہ If they are not courteous, then I will not be courteous.

جناب سپیکر، پوائنٹ آف آرڈر تو کسی نے Raise نہیں کیا ہے، یہ میں آپ کو بتاؤں This is a point of 'Dil Lagi' with you. (قہقہہ) (تالیاں)

Haji Muhammad Adeel: Thank you. So let me have the 'Dil Lagi' with the Chief Minister then.

جناب فرید خان طوفان، سپیکر صاحب! ستا د خُلے خوږے خبرے ډیرے ښے لگی۔ (قہقہے)

حاجی محمد عدیل، جناب سپیکر! ---------

جناب سپیکر، دا خوږے ستا هضمیدے نه چرے۔ (قہقہہ)

حاجی محمد عدیل، جناب سپیکر! آج آپ بہت میٹھی باتیں کر رہے ہیں تو آپ پھر ایک رولنگ بھی دیں کہ اگر بجٹ ڈاکومنٹس میں غلطیاں ہوں، تو وہ ڈاکومنٹس کیسے ہوں گے؟ یہ آپ -------

جناب سپیکر، پہلے تو آپ اپنی تقریر مکمل کریں جی۔

حاجی محمد عدیل، جناب سپیکر! میں اپنی قائد اور لیڈر آف دی اپوزیشن کا مشکور ہوں کہ انہوں نے مجھے اجازت دی ہے کہ میں ان کی طرف سے سپلیمنٹری بجٹ پر بحث کی ابتداء کروں۔ میری خوش قسمتی یہ ہے کہ جب آپ نہیں ہوتے ہیں تو یہ کرسی مکمل طور پر میرے اختیار میں ہوتی ہے اور جب میری قائد نہیں ہوتیں تو تب میں قائد کا کردار ادا کرتا ہوں۔ چھ محکموں کے باوجود بھی یوسف ایوب صاحب کے پاس یہ اختیار کبھی بھی نہیں تھا کہ وہ وزیر اعلیٰ کی عدم موجودگی میں وزیر اعلیٰ بنیں۔ آج کل تو ایک محکمہ رہ گیا ہے بے چارہ، کم ہوتے جا رہے ہیں اور آپ کی اطلاع کیلئے عرض ہے کہ میں عوامی

نیشنل پارٹی کا مرکزی سیکرٹری اطلاعات بھی ہوں اور تیسری مرتبہ منتخب ہوا ہوں -----

آوازیں: واہ واہ۔ سبحان اللہ، سبحان اللہ۔ مبارک ہو، مبارک ہو۔ (تالیاں)

حاجی محمد عدیل: جناب سپیکر! Wheat subsidy کے معاملے میں -----

جناب سپیکر: آپ کے سیکرٹری اطلاعات بننے کی وجہ سے فرید طوفان Without portfolio رہ گئے ہیں۔ (قہقہے)

وزیر بلدیات: فرید طوفان صاحب واک آوٹ کر گئے ہیں جی۔ حاجی صاحب کو آج لیڈر بنا دیا گیا ہے تو وہ As a protest walk out کر کے باہر چلے گئے ہیں۔

Arbab Muhammad Ayub Jan: Janab Speaker Sahib! I am on a point of 'Dil Joi'.

(قہقہے) ما دا خبره کوله، حاجی عدیل صاحب ونیل چه زه درے خله Elect شو مه جنرل سیکرټری، د هغوی دا مطلب وو چه یوسف ایوب خان د سبا د کلونو یو هار راوړی او دوئ ته دواچوی۔ مطلب نے داوو جی۔

وزیر بلدیات: سپیکر صاحب! جیسے یہ Elect ہوئے ہیں، کاش کہ ہمارے الیکشن بھی ویسے ہی ہوتے، تو ہم بھی آپس میں آدھے بانٹ لیتے۔

حاجی محمد عدیل: جناب سپیکر! ان کے ہاں تو جنم دن سے الیکشن نہیں ہوئے ہیں۔ مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر یا ڈکٹیٹر، پاکستان مسلم لیگ کی تاریخ میں آج تک کبھی الیکشن ہوئے ہیں جی؟ ویسے آپ اگر اس بات کو چھیڑنا چاہتے ہیں تو، جناب سپیکر، -----

جناب بشیر احمد بلور: وہ ویسے ہی آپ کو ڈسٹرب کر رہے ہیں، آپ اپنی بات کریں۔

حاجی محمد عدیل: نہیں، میں ڈسٹرب نہیں ہوتا ہوں۔ ان کو ڈسٹرب اتنا کیا گیا ہے، کل اتنا ڈسٹرب ہوئے ہیں کہ آج تک یہ سنبھل نہیں سکے ہیں، آدھے غائب ہیں۔

جناب سپیکر! Wheat subsidy کے سلسلے میں اس سال انہوں نے 2500 ملین روپے خرچہ Show کیا ہے کہ اتنا خرچ ہوا ہے۔ جناب سپیکر! پچھلے سال تو گندم کے بڑے سودے ہوئے ہیں اور سستے اور شاید نئے سودے بھی ہونے والے تھے اور یوسف ایوب صاحب اس وقت شاید یہاں کچھ عرصے کیلئے خوراک کے وزیر تھے۔ جناب سپیکر! اگر فرض کیجئے کہ آپ اس مد میں کمی کر رہے ہیں کیونکہ یہ بڑی مد ہے جو کہ اخراجات کی مد میں ہے تو اگلے سال اس میں گیارہ سو ملین کا اضافہ کیوں تجویز کیا گیا ہے؟ یعنی

اس سال 2500 ملین خرچ کیا جا رہا ہے اور اگلے سال 3600 ملین رکھا گیا ہے۔ اب ہمیں کوئی جواب دے کہ آخر غیرمعمولی وجوہات یہ متوقع کرتے ہیں کہ اس مد میں زیادہ خرچ ہوگا؟ چاہئے کہ Gradually اس مد میں خرچ کم ہوتا جائے۔ بہرحال جناب، ان کا بڑا دعویٰ ہے کہ ہم نے ٹیکس بڑے اچھے وصول کئے اور پتہ نہیں کتنے ہم نے ریکارڈ توڑے ہیں اور ڈاکومنٹس میں حشر یہ ہے کہ پچھلے سال آپ Tax receipts بھی پورے حاصل نہیں کر سکے ہیں البتہ Dividend میں آپ نے کچھ پیسے خیبر بینک سے زبردستی لئے ہیں اور بڑا اچھا کیا ہے۔ میں گزشتہ تین سالوں سے یہ کہہ رہا تھا کہ خیبر بینک کا خیبر بینک والوں نے بیڑا غرق کیا ہے۔ خیبر بینک تباہ ہو چکا ہے۔ میرے کہنے پر Proprietary audit team مقرر کی گئی۔ جناب وزیر اعلیٰ نے فرگوسن والوں کو بلایا سٹیٹ بینک کی Recommendation پر اور اگر اس کی رپورٹ اس ایوان میں ٹیبل کی جائے تو جناب سپیکر، آپ کو پتہ چل جائے گا کہ خیبر بینک میں کتنے گھپلے ہوئے ہیں؟ اربوں روپے کے گھپلے ہوئے ہیں، کروڑوں روپے کا نقصان ہوا ہے۔ میں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ایک تبدیلی کی ہے اور ایک نیا افسر لائے ہیں لیکن ایک آدمی سے کام نہیں بنے گا جب تک خیبر بینک کے تمام سٹاف کو جو کرپشن اور Irregularities میں ملوث ہے، نہ ہٹایا جائے۔ آپ نے ابتداء کر دی ہے اور Initiate میں نے کیا ہے، میں مشکور ہوں لیکن اب بات یہ ہے کہ آپ اس کو جاری رکھیں تاکہ بینک آف خیبر واقعی ہمارے صوبے کا کامیاب بینک بنے، پبلک میں اس کے شیئرز جائیں۔ پچھلے سال بھی آپ نے کہا تھا کہ پبلک میں اس کے شیئرز جائیں گے۔ غلط انفارمیشن وزیر اعلیٰ کو دی گئی تھی۔ اس سے پہلے بجٹ کی تقریر میں بھی یہ کہا گیا تھا کہ ہم پبلک میں جائیں گے، نہ رواں سال میں گئے اور نہ ہی اس سے پہلے گئے ہیں لیکن آپ کوشش تو کر رہے ہیں۔ ہم نے خزانہ شوگر ملز کے سلسلے میں آپ کو سپورٹ کیا تھا، جس کی چھبیس کروڑ روپے کی Bid آئی تھی، ہماری کوششوں سے چالیس کروڑ، دس لاکھ میں وہ گئی تو ہم ہر اچھے کام کیلئے سپورٹ کرتے ہیں۔ بی بی نے پیہور کینال کے سلسلے میں آپ کی تعریف کی ہے لیکن آپ بینک آف خیبر کے معاملے کو جاری رکھیں ۔ Non-tax receipts میں جناب سپیکر، انہوں نے اضافہ Show کیا ہے، Tax receipts میں اضافہ نہیں ہوا لیکن Non-tax receipts میں یہ کہتے ہیں کہ اضافہ ہوا ہے۔ جناب سپیکر! صرف دو مدوں میں اضافہ ہوا ہے۔ یوسف ایوب صاحب وائٹ پیپر کا صفحہ پانچ نکالیں، جو آپ کے پاس نہیں

ہے کیونکہ آپ پڑھتے تو کچھ نہیں ہیں، بس چل رہے ہیں، اسفندیار پڑھ لے گا۔ جناب! Land Revenue اور Development Cess on Octroi and Others میں اضافہ ہوا ہے لیکن اب جبکہ آکٹرائے اور ضلع ٹیکس ختم کر دیا گیا ہے تو میری انفارمیشن ہے کہ انہوں نے آمدن کا جو Estimate وفاق کو دیا تھا، وہ تقریباً چھیانوے کروڑ کے لگ بھگ تھا، جس میں بیس کروڑ آپ کے 'Cesses' تھے، پشاور ڈیویلپمنٹ کا Cess تھا، ٹوبیکو کا Cess تھا۔ اس طرح میرے خیال میں شوگر کا Cess تھا، ایجوکیشن کا Cess تھا اور وہ 16% یا 18% تھا۔ اب جناب سپیکر، جب یہ آکٹرائے اور ایکسپورٹ ٹیکس ختم ہوگیا، تو آپ کی جو آمدن، پچھلے سال یہ بات تھی کہ آپ کا ایسا ٹیکس تھا کہ جس میں آپ نے کچھ اضافہ حاصل کیا تھا، اب تو آپ کو وہ نہیں ملے گا اورتیس کروڑ کی آپ کی کمی آ جائے گی۔ ہمیں تو خطرہ ہے اورمیں نے یہ بات کی ہے اور اس کے جواب کے انتظارمیں ہیں، کہ آپ کو تو فیڈرل گورنمنٹ اب ضلع ٹیکس کے حوالے سے کچھ بھی نہیں دے رہی ہے۔ میں نے فیڈرل بجٹ کے ڈیمانڈز کے صفحے بھی بتائے ہیں لیکن ابھی تک اس ایوان کو تسلی نہیں ہوئی ہے کہ آپ نے کیا ایگریمنٹ ان کے ساتھ کیا ہے، آپ نے کیا مانگا اور آپ کو ملا کیا؟ کیونکہ آپ کا جو Annual Budget Statement ہے، آپ نے جو بجٹ پیش کیا ہے جس کے ڈاکومنٹس میں وہ تمام آمدنی شامل ہے جو آکٹرائے کی مدد سے، کیونکہ آکٹرائے تو لوکل گورنمنٹ کا ٹیکس تھا اور یہ Cess جو ہمیں ملتے تھے، کل ہی ہمارے ان ساتھیوں نے کہا کہ ٹوبیکو کے Cess میں اضافہ ہوا ہے، وہ غلط ہے تو کسی Cess کی رقم آپ وصول نہیں کرسکیں گے۔ تو یہ اتنا Gap جو آئے گا، تو وہ Gap کیسے Cover ہوگا؟ نہ مرکز آپ کو دے گا اور نہ لوکل ذریعے سے وصول کرسکیں گے۔ تو اس کا مجھے جواب چاہئے۔ جناب سپیکر! کچھ اور ٹیکسز ہیں، 'Others Taxes and Duties' یہ صفحہ 5 پر ہیں، یہ 357.80 ملین سے کم ہو کر 251.790 ملین ہوگئے ہیں۔ جناب! اسی صفحے پر سٹیمپ ڈیوٹی سے جو ریونیو ملے گا، وہ 250 ملین سے کم ہوکر 180 ملین ہو گیا ہے جو رواں سال میں ملا تھا یا مل رہا ہے۔ جناب سپیکر! ایگریکلچر ٹیکس چونکہ غیرمتوازن ٹیکس ہے اور اس پر میرے تمام ساتھی اس طرف سے بھی اور جو کل یہاں بیٹھے تھے، انہوں نے بھی اس سے اختلاف کیا تھا کیونکہ جو غیرمتوازن ٹیکس ہوتا ہے، وہ Recover نہیں ہو سکتا اور نتیجہ یہ ہوا کہ رواں سال میں ایک تہائی حصہ کم وصول ہوا ہے جو آپ کا Proposed تھا۔ سول ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کے Non Tax Receipts

میں بھی کمی ہوئی ہے جناب سپیکر، 162.920 متوقع تھا لیکن ملا ہے 156.80 ملین۔ جناب سپیکر! میں دوبارہ Net profit پر آتا ہوں لیکن جس صفحہ 18 کی طرف وزیر خزانہ نے بڑے شوق سے بار بار کہا اور ذرا ترش لہجے میں بھی کہا کہ بڑے بڑے وہ بیٹھے ہیں مگر انہوں نے بھی حاصل نہیں کیا ہے۔ جناب سپیکر! اسی صفحے پر آپ دیکھیں، صفحہ 18 پر، اس سے قطع نظر کہ اس وقت کس کی حکومت تھی، کون حکمران تھا، کون سے اتحادی تھے، اس صوبائی حکومت نے 1991-92 میں پہلی مرتبہ 5987.5 بلین روپے مرتبہ حاصل کئے تھے جو چھ ارب سے کچھ کم تھے لیکن جناب سپیکر، 1992-93 کو 6800 بلین ملے جو سات ارب سے کچھ کم تھے۔ پھر اس کے بعد 1993-94 کو 6500 بلین صوبائی حکومت کو وفاق سے ملے، ساڑھے چھ ارب اور پھر 1994-95 میں جی سب سے زیادہ ملے تھے یعنی 7800 بلین، تقریباً 8 بلین۔ تو یہ کہنا کہ چونکہ ہم حاصل نہیں کر سکتے ہیں، آپ بھی حاصل نہ کریں۔ ماضی کی حکومتوں نے چار سالوں میں چھ بلین سے زیادہ وصول کیا ہے، آٹھ بلین تک وصول کیا ہے تو آپ کیوں نہیں وصول کر سکتے؟ آپ اپنے بجٹ سٹیٹمنٹ میں گیارہ، بارہ ارب تک چلے گئے ہیں۔ جن دنوں یہ حکومتیں تھیں، وہ بھی آپ جیسی مشکلات کا شکار تھیں، قطع نظر اس سے کہ کون وزیر اعلیٰ تھا اور کون وزیر خزانہ تھا؟ لیکن یہ رقومات چھ بلین سے زیادہ وصول کی گئی ہیں اور اب مجھے یقین ہے اور میں دعوے سے کہتا ہوں کہ آج تاریخ تک ان کو چھ ارب نہیں ملے ہیں اور ہمارے پاس صرف پانچ دن باقی ہیں جس میں آج کا دن گزر گیا ہے، کل چھٹی ہے اور باقی تین دن ہیں۔ جناب سپیکر! ہم نے پورا ہائیڈل پرافٹ حاصل نہیں کیا، بقایاجات کا آج تک فیصلہ نہیں ہوا، Divisible pool سے ہماری آمدن کم ہوگئی ہے، Tax receipts بھی ہماری کم ہیں۔ میں نے آپ کو جو Figures دیئے ہیں، تو ان میں اخراجات کی مد میں کمی نہیں ہوئی۔ میں نے آپ کو بتایا ہے۔ تو جناب، پھر اس ضمنی بجٹ کو ہم کیسے اچھا کہیں؟ اس ضمنی بجٹ کو ہم کیسے اچھا کہیں، آپ کی کارکردگی کی ہم کیسے تعریف کریں؟ وہ کہتے ہیں کہ آپ کنجوسی کرتے ہیں، آپ اچھی کارکردگی دکھائیں، ہم ڈٹ کر آپ کی تعریف کریں گے لیکن آپ کی کارکردگی تو آپ کے اپنے اختیار والی بات میں بھی نہیں ہوئی۔ آپ نے اپنی تقریر میں فرنیچر کی خریداری پر مکمل پابندی کا دعویٰ کیا ہے۔ ضمنی بجٹ کی تقریر میں بڑے واضح طور سے کہا ہے کہ گاڑیوں اور فرنیچر کی خریداری پر مکمل پابندی رہی ہے اور اس کوشش میں مکمل تعاون پر میں آپ کا شکر گزار ہوں۔ جناب سپیکر! جب کٹ

موشن کی بات آئے گی تو میں پھر بتاوں گا کہ کتنا فرنیچر خریدا گیا ہے۔ میں تین مثالیں آپ کو دیتا ہوں اور پیر محمد صاحب آپ لکھ لیں، صفحہ 7 پر 'Demand for Grant Supplementary' ہے، یہ ڈیمانڈ نمبر 7 ہے اور اس کے سب ہیڈز اور دوسرے ہیڈز جو ہیں: 602300, 10000, 130000 ، ان میں آپ نے اس رواں سال میں دو لاکھ روپے فرنیچر پر خرچ کئے ہیں۔ پھر صفحہ 19 پر پہلا ہیڈ ہے، فرنیچر کا یہی ہیڈ ہے، وہاں آپ نے چار لاکھ روپے خرچ کئے ہیں۔ صفحہ 20 پر بورڈ آف ریونیو نے تقریباً پانچ لاکھ روپے اس مد میں خرچ کئے ہیں (مداخلت) پچاس ہزار، Thank you, پچاس ہزار روپے خرچ کئے ہیں۔ جناب سپیکر! یہ ہم سے کیوں غلط کہتے ہیں کہ انہوں نے فرنیچر پر کوئی خرچ نہیں کیا ہے؟ میں نے تو صرف تین صفحوں سے آپ کو بتایا کہ انہوں نے اتنا فرنیچر پر خرچ کیا ہے اور ایک جو خطرناک ہیڈ ہے جی، 'Purchase of durable goods' اس میں بہت سارا فرنیچر بھی آتا ہے، Manufacture بھی آتا ہے اور جناب بہت سی ڈیمانڈز میں صرف 'Purchase of durable goods' کا ذکر ہے اور یہ ایک ایسا ہیڈ ہے کہ مجھے یقین ہے کہ اس میں بھی فرنیچر خریدا گیا ہے۔ اس کیلئے حکومت یا آپ ایک کمیٹی بنائیں تاکہ ہم سال رواں میں تمام محکموں کے اس "ہیڈ" کو چیک کریں کہ آیا فرنیچر خریدا گیا ہے یا نہیں خریدا گیا ہے؟ کیونکہ ہر ڈیمانڈ میں لاکھوں روپے مانگے گئے ہیں۔ صرف پولیس میں دو کروڑ روپے مانگے گئے ہیں۔ کٹ موشنز جب آئیں گی تو میں بات کروں گا۔ تو جناب! آپ اپنی سپلیمنٹری بجٹ تقریر میں کہتے ہیں کہ آپ نے فرنیچر پہ ایک پیسہ خرچ نہیں کیا اور یہاں میں نے تین ڈیمانڈز آپ کو بتا دی ہیں اور آپ نے خود مانا ہے کہ آپ نے خرچ کیا ہے۔ جناب سپیکر! صفحہ 3 پر جناب وزیر خزانہ صاحب نے یہ فرمایا کہ حکومت کو ناگزیر اخراجات کی منظوری اسی ایوان سے لینی پڑتی ہے جو بجٹ پیش کرتے وقت نامعلوم وجوہات کی بنا پر اس میں شامل ہونے سے رہ جاتے ہیں۔ یہ "نامعلوم وجوہات" بڑی خطرناک Term ہے۔ وہ کونسی نامعلوم وجوہات ہیں جن کا حکومت کو علم نہیں ہے؟ اتنی بڑی بڑی کتابیں آتی ہیں۔ (نامعلوم وجوہات کی بناء پر کنڈی صاحب باہر جا رہے ہیں۔) جناب سپیکر! یہ بڑی خطرناک بات ہے اور پھر یہ کہتے ہیں کہ یہ تمام تجاویز ٹیکنیکل سپلیمنٹری کے زمرے میں آتی ہیں۔ اگرچہ ان اخراجات پر مزید خرچ نہیں ہوتا اور ہمیں صرف 59.514 ملین روپے سپلیمنٹری کی اجازت درکار ہے۔ جناب سپیکر! یہ "ٹیکنیکل سپلیمنٹری" جو ہے، یہ ایک اور خطرناک بات ہے۔ یہ ہمارے

بجٹ اور ضمنی بجٹ کی ایک روایت بن گئی ہے اور یہ ہمارے ضمنی بجٹ کا سب سے کمزور ترین پہلو ہے۔ میں کہونگا کہ تمام حکومتوں نے اس لفظ سے فائدہ اٹھایا ہے اور یہ اس ایوان کے ساتھ Technical dishonesty ہے، پہلی جو تھی، وہ Financial dishonesty تھی، یہ Technical dishonesty ہے۔ جناب سپیکر! اب میں آتا ہوں اس بات پر کہ میں نے مسلسل چھ گھنٹے Calculation کی ہے، میرے پاس کمپیوٹر نہیں تھا اور میں نے یہ ساری Calculation خود کی ہے اور اپنے چھوٹے بیٹے کو ساتھ بٹھایا کہ وہ میرے لئے کچھ صفحات کی Calculation آپ کریں اور ہم ---

وزیر مال: سپیکر صاحب! د ده خوی هغه څه ګناه کړے ده چه دومره عذاب نے هغه ته هم ورکړے دے؟

حاجی محمد عدیل: جناب سپیکر! اسلئے کہ آپ تنخواہ لینے کے باوجود اپنا فرض پورا نہیں کرتے، حرام کی تنخواہیں لیتے ہیں۔ (تالیاں) میرا بیٹا اس ایوان سے ایک پیسہ نہیں لیتا اور اس رات ہم ڈھائی بجے یہ Calculation مکمل کر سکے ہیں کیونکہ میرے پاس کمپیوٹر نہیں ہے۔ یہ Figures ہیں ------

وزیر مال: محترم سپیکر صاحب! چه د فوج سربراه نه دے ګنی هر محاذ باندے به روزانه جهګړے وے۔

حاجی محمد عدیل: په جماعت کښ کینه او خان د پاره خیرات غواړه، نور څه دے ستا کار؟ ولے اوس هم وائے چه زه جماعت اسلامی کښ یمه۔

وزیر مال: سپیکر صاحب! پښتو نے ډیره ښکلے ده، پښتو کښ د خبرے کوی۔

حاجی محمد عدیل: زما پښتو ستا نه زیاته مضبوطه او ټینګه ده۔ (تالیاں) ته خپل جماعت سره غداری کولے شے یو ټکټ د پاره، الیکشن د پاره، زه خپل جماعت نه پریږدم۔

جناب سپیکر: حاجی صاحب! هغه د د قصده د ټریک نه لرے کوی، دسټرب کوی د۔

حاجی محمد عدیل: جناب سپیکر! "پشتو" کے بڑے مطلب ہوتے ہیں، خالی زبان نہیں ہے، غیرت، ننگ، تورہ بھی ہوتی ہے۔ پیر محمد صاحب نے ٹکٹ نہ ملنے پر اپنی جماعت چھوڑی ہے۔ "جماعت" کا فائدہ کیا ہے؟ "جماعت" نے کہا کہ ہم الیکشن میں حصہ نہیں لیں گے تو

انہوں نے اس پر "جماعت" چھوڑ دی-

جناب عبدالحلیم قصوریہ. جناب سپیکر! معذرت کے ساتھ کہ اگر کچھ دن آپ اور چھٹی کر لیتے تو اتنی لمبی Speeches ہمیں سننے کو نہ ملتیں-

حاجی محمد عدیل. جناب سپیکر صاحب! میرے ساتھ بہت زیادتی ہوئی ہے-

جناب محمد اورنگزیب خان. جناب سپیکر! ایک بڑا مزیدار شعر ہے جی کہ

وفاداری بشرط استواری اصل ایمان ہے مرے بت خانہ میں تو کعبہ میں بڑمن ہے

جناب! یہ ایمانداری ہوتی ہے جی-

وزیر مال. جناب سپیکر صاحب! عدیل صاحب دا خبره اوکړه او زه واقعی آزاد ولاړ یمه خو د خدائے فضل دے زما حیثیت شته- دے د آزاد اودرېږی چه ده له سو ووېتونه هم څوک ورکوی-

حاجی محمد عدیل. جناب سپیکر! ہر آدمی کو اس کے ماضی کا پتہ ہے- جناب سپیکر! میں یہ کہہ رہا تھا کہ انہوں نے ہمیں سپلیمنٹری بجٹ کا جو Estimate برائے سال1999-2000 دیا ہے' اس کے پہلے صفحے پر انہوں نے ہم سے Demands for grants کی ہیں' ایک سے پینتیس تک Current revenue expenditure کی ہیں اور انہوں نے یہ کہا ہے کہ ان میں سے کچھ Recurring and non-recurring ہیں' کچھ Charged ہیں اور کچھ Voted ہیں' یہ ٹوٹل 5,95,13790 روپے کی بنتی ہیں- جناب سپیکر! جب میں نے Actual دیکھا کہ ان میں کتنے روپوں کا ہیر پھیر کیا گیا ہے کیونکہ ہم سے دس روپے مانگے گئے ہیں لیکن ہیر پھیر جو کیا گیا ہے' وہ ایک کروڑ روپے کا ہے- ہم سے تو بیس روپے مانگے گئے ہیں' جو انہوں نے خرچ کئے ہیں' اپنی مرضی سے کئے ہیں اور اس کو Regularize کرنا چاہتے ہیں' وہ بیس لاکھ ہیں- جناب سپیکر! یہ 5,95,13790 نہیں ہیں' یہ 33,81,86,200 روپے ہیں اور Non recurring, charged اور Voted' دونوں ملا کر 27,16,3,950 روپے بنتے ہیں اور جو Recurring ہیں' وہ 6,65,55,250 بنتے ہیں- انہوں نے کہا کہ Current reveune expenditure کی مد میں یہ ایوان' کیونکہ یہ 'Technical supplementary' ہے تو آپ ہمیں 5,95,13,700 روپے کی اجازت دیں- یہ Different grants ہیں' انیس ڈیمانڈز ہیں جبکہ حقیقتاً جو انہوں نے ایک رقم کو دوسری مد میں ڈالا' دوسری کی مد کو تیسری مد میں ڈالا تو یہ 33,81,86,200 روپے بنتے

ہیں۔ اب میں آپ سے پوچھتا ہوں کیونکہ آج تک اس مسئلے پر کسی نے بات نہیں کی تو قصور کس کا؟ پانچ کروڑ، پچانوے لاکھ کی تو ہم ڈیمانڈز دے دیتے ہیں، ہاؤس مان لے گا کیونکہ ان کی اکثریت ہے، اس وقت نہیں ہے، لیکن جو رقم زیادہ ہے، سرپلس ہے، Excess ہے اور جیسے Technical supplementary اور Technical dishonesty کے Head میں آپ چھپا رہے ہیں، اس کا کیا بنے گا؟ اور یہی کام آگے انہوں نے Development expenditure میں بھی کیا ہے۔ اس کیلئے انہوں نے نو ڈیمانڈز مانگی ہیں اور کہا ہے کہ ہمیں 98,39,62,100 روپے دیں جبکہ اس مد میں جو رقمیں استعمال ہوئی ہیں، وہ 1,12,95,33,233 بنتے ہیں۔ پریس کے ساتھی نوٹ کریں۔ (قہقہے) شور نہ کریں، نوٹ کریں کہ انہوں نے مانگے ہیں 98,39,62,100 روپے، یہ Development expenditure میں ہیں جبکہ اصل رقم جو ہے، وہ ایک ارب -------

وزیر مال: سپیکر صاحب! د رول مطابق خو به دوئ چیئر ایډریس کوی، دوئ خو گیلری ایډریس کوی۔

جناب سپیکر: هسے Through the Chair هم کول پکار دی۔

حاجی محمد عدیل: جناب! میں نے جو کچھ بھی کہا ہے، جب بھی کہا ہے اور جو کچھ بھی کہوں گا، آپ کی وساطت سے کہوں گا۔ (قہقہے) 1,12,95,33,233 ہیں، تو ٹوٹل جی -------

جناب سپیکر: معافی غواړم حاجی صاحب، تاسو چه پریس ته څه ایډریس اوکړئ، نو دلته ما یو سړے نوټ کړے دے چه هغه ورته په لاس اشارے کوی۔ (قہقہہ)

حاجی محمد عدیل: ہر آدمی کی اپنی نیت ہوتی ہے۔ جناب سپیکر! Current Revenue Expenditure, Current Capital Expenditure, ان دونوں مدوں میں فرق نہیں ہے اور Development Expenditure, ان تینوں مدوں میں حکومت نے جو Demands for Grants کی ہیں، وہ 1,06,34,75,890 روپے ہیں جبکہ حقیقت میں یہ 148,77,19,433 روپے بنتے ہیں۔ جناب سپیکر! اب یہ اتنا بڑا Technical گھپلا مسلسل کئی سالوں سے ہو رہا ہے اور ایوان کے معزز اراکین کو اعتماد میں نہیں لیا جا رہا تو یہ اچھی بات نہیں ہے۔ جناب سپیکر! اب میں ترقیاتی بجٹ کے نظر ثانی شدہ تخمینے کی طرف آتا

ہوں۔ وزیر خزانہ صاحب/وزیر اعلیٰ صاحب نے اعتراف کیا ہے کہ ہمارے پاس اس مد میں جو رقم تھی، وہ 672.350 ملین روپے تھی اور انہوں نے خود اعتراف کیا ہے اپنے Documents میں اور اپنی تقریر میں بھی کہ اس میں سے 2,150 غیر ملکی امداد تھی۔ آگے چل کر وہ یہ کہتے ہیں کہ ہمیں غیر ملکی امداد زیادہ ملی ہے جو 2,150 ملین سے بڑھ کر 3,965 ملین بنتی ہے۔ جناب سپیکر! اگر Original رقم آپ لیں، جو 672.350 ملین ہے اور اس میں غیر ملکی امداد 2,150 ملین تھی، اگر یہ غیر ملکی امداد ہم اس میں سے کم کر لیں تو ہمارے اپنے وسائل، Resources جو ہیں، تو ان سے اے ڈی پی میں آپ کے ترقیاتی بجٹ کیلئے 3,922.350 ملین چاہئیں۔ اب یہ کہتے ہیں کہ ہمیں باہر سے امداد زیادہ آئی ہے تو ہمارے اپنے وسائل جو ہیں، وہ 3922 ملین ہیں اور جو باہر سے آئے ہیں، وہ 3965 ملین ہیں، تو ان دونوں کو اگر میں جمع کروں تو 7,887 ملین بنتے ہیں لیکن وہ خود اس بات کا اپنی سپلیمنٹری بجٹ تقریر میں اعتراف کرتے ہیں اور Documents میں بھی ہے کہ اس مرتبہ ہمارا نظریاتی تخمینہ، ترقیاتی بجٹ 7,771 ملین ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ انہوں نے اپنے وسائل سے 116 ملین کسی اور مد میں خرچ کر دیئے ہیں تو This is not good. آپ کیلئے جو باہر سے آتے ہیں، وہ تو مخصوص Loans ہوتے ہیں، وہ Tight loans ہوتے ہیں، وہ Tight grants ہوتی ہیں۔ ان کیلئے Mention ہوتا ہے کہ آپ نے فلاں جگہ فلاں مقصد کیلئے خرچ کرنا ہے اور اس میں آپ کا اتنا Share ہوگا۔ آپ نے اپنے ترقیاتی پروگرام میں 116 ملین کیوں کم کر دیے ہیں؟ اس کا مجھے جواب چاہیئے۔ اور جناب سپیکر، ان کی بھی مجبوری تھی۔ اس کیلئے White Paper کا صفحہ 3 اور 7 آپ دیکھیں، حکومت کو Saving on Current Account میں 136.095 ملین کی بجائے 75 ملین روپے ملے ہیں۔ لوکل گورنمنٹ سے جو فنڈز لینے تھے یا گرانٹس لینی تھیں، لوکل گورنمنٹ سے جو قرضہ لینا تھا، انہوں نے کہا تھا کہ ہمیں 200 ملین ملیں گے لیکن ان کو صرف 80 ملین ملے ہیں۔ Autonomous bodies سے انہوں نے تجویز کیا تھا کہ ہمیں 200 ملین لیں گے، ان کو 175 ملین ملے ہیں اور جناب سپیکر Extra ADP, special funded programme کی مد میں ان کو 252.386 ملین کی بجائے 206.380 ملین ملے ہیں۔ ان مدوں میں ان کو بہت کم پیسہ ملا ہے۔ مجھے ایک بات کی سمجھ نہیں آتی کہ یہ کہتے ہیں کہ ہمیں باہر سے بڑی آمدن آئی ہے، اگر آپ کو باہر سے آمدن آئی ہے تو آپ نے اپنے بہت سے پراجیکٹ، بہت سی Annual development کی سکیمیں جو

باہر کے فنڈز پر Base کر رہی تھیں اور آپ کے Budget statements اور oks
میں شامل تھیں، ان کو آپ نے ختم کیوں کر دیا؟ ان کیلئے ایک پیسہ بھی آپ نے نہ
دیا۔ اگر آپ کو پیسہ زیادہ ملا تھا تو چاہئے تھا کہ وہ تمام سکیمیں جو باہر کی Funded تھ
اور جو آپ کی Books میں شامل تھیں، ان کیلئے آپ نے ایک پیسہ نہیں دیا۔ میں آپ
ایک مثال دیتا ہوں، صفحہ آپ ڈھونڈیں ، میں آپ کو نہیں بتاتا، ویسے میرے پا
لکھا ہوا ہے، چلیں 12 نمبر صفحہ دیکھ لیں، ederal loans, Asian Development
Bank loan ہوگا، کیونکہ ADP میں لکھا ہے ational Drainage Programme
1413-PAK ہم نے پچھلے سال نیشنل ڈرینج پر بہت باتیں کی تھیں کہ جناب،
ایگریکلچر ٹیکس لگاتے ہیں کہ ہمارا نیشنل ڈرینج پروگرام بڑا کامیاب ہوگا۔ اگر ہم ایگریکل
ٹیکس نہیں لگائیں گے تو ہمیں نیشنل ڈرینج کیلئے پیسے نہیں ملیں گے اور ہمیں اربو
روپے کا نقصان ہوگا۔ ہم نے اپنے زمینداروں سے لوٹ کھسوٹ کے پیسے لینے ہیں لیا۔
اسلئے کہ ہمارا نیشنل ڈرینج پروگرام بنے گا۔ جناب سپیکر ! 'ational Drainage
Programme 1413 PAK کیلئے 38.778 ملین روپے ہمارے بجٹ میں رکھے گئے تھ
سپلیمنٹری بجٹ میں صفر ہے۔ کیا یہ شرم کی بات نہیں ہے؟ جناب سپیکر ! lood
Protection Sector Project-2 ہمارے ہاں دریائے سندھ ہے، سیلاب آتے ہیں اربا
ایوب جان کے علاقے میں، آپ کے علاقے میں اور پھر سیلاب آگے بڑھتے ہیں۔ انھو
نے پچھلے سال 32.389 ملین روپے رکھے تھے۔ جناب سپیکر، آپ کی وساطت سے ان تما
اراکین کی اطلاع کیلئے عرض ہے کہ رواں سال کے سپلیمنٹری بجٹ میں ایک پیسہ
نہیں رکھا گیا۔ باہر سے بہت فنڈ آ رہے ہیں، وہ کہاں گئے؟ جناب سپیکر! ملاکنڈ ۔
ہمارے ساتھی نجم الدین صاحب اور بہادر خان یہاں پر بیٹھے ہوں گے، ایک پراجیکٹ تھا
ملاکنڈ ایگریکلچر پراجیکٹ"، سال کی شروع میں ہمیں کہا گیا تھا کہ اس کیلئے 4.262 ملی
روپے رکھے گئے ہیں، Revised Budget میں جناب، "انڈہ" ایک پیسہ بھی نہیں ر
گیا تھا۔ کہتے ہیں کہ ملاکنڈ کیلئے وزیر اعظم کی بڑی بڑی سکیمیں ہیں، ملاکنڈ کا جو حشر
ہے، وہ میں بعد میں مزید بتاؤں گا آپ کو ------

میاں گل اسفندیار امیر زیب (وزیر تعلیم): جناب سپیکر صاحب! کہ ستاس
اجازت وی، حاجی صاحب خو زمونږه مشر دے، don't intend to
intrude in his speech, خو دا حاجی صاحب ډیر Negative minded دے

اوس په دے ثابتے صفحے کښې -------

Haji Muhammad Adeel: This is not my responsibility.

وزیر تعلیم، یو پکښې دے صوابي سکارپ، In which budgetary allocation was Zero, but in the revised estimate there were 274 million rupees. دے Positive خبرے نه کوی، تولے Negative کوی۔

حاجی محمد عدیل، جناب سپیکر! میں بتاؤں گا کہ ہری پور، ہزارہ اور ان علاقوں میں تو رکھا گیا ہے، جہاں Budgetary allocation تھی ہی نہیں لیکن ملاکنڈ اور ان علاقوں میں جو اپوزیشن کے ہیں، وہاں جو تھیں، ان کو بھی ہٹا دیا گیا ہے۔ You can contest your case later-on. عجیب بات ہے، میں آپ کو آپ کی کتاب کے حوالے سے بتا رہا ہوں اور آپ کہتے ہیں کہ جی ہم نے تو Kosovo کے لوگوں کو دو کروڑ روپے دیئے ہیں، ہم نے پنجاب کو دیئے ہیں، ہم نے سندھ کو دیئے ہیں۔ (تالیاں) آپ نے ملاکنڈ کو نہیں دیئے، پشاور کو نہیں دیئے، مردان کو نہیں دیئے، آپ نے کرک کو اور دوسرے علاقوں، کوہاٹ کو بھی دیئے ہیں، بنوں کو نہیں دیئے ہیں، نوشہرہ کو نہیں دیئے ہیں۔ آپ ساری دنیا کو دیتے جائیں، آپ جا کر UNO کو دیں، میرے پاس وہ Figure ہیں، کٹ موشنز جب آئیں گی تو میں بات کروں گا۔

وزیر تعلیم: سر! میرا مقصد یہ تھا کہ حاجی صاحب ایک لیکچر پڑھتے ہیں اور ------- (قہقہے)

جناب سپیکر، خیر دے، بیا روستو Reply ورکړئ۔ تاسو ورته خپل پوائنټس تیار کړئ۔

حاجی محمد عدیل، جناب! میں آپ کو Figures دے رہا ہوں، آپ کو حقیقت بتا رہا ہوں اور آپ کی کتاب کے حوالے سے بتا رہا ہوں۔ "ملاکنڈ ایگریکلچر پراجیکٹ"، یہ دوسرا ہے جی اور اس کیلئے 4.262 ملین رکھے گئے تھے، اب پھر صفر، ایک پیسہ نہیں دیا گیا Revised budget میں۔ سیکنڈ -------

وزیر مال، سپیکر صاحب! لږ د چانے، ګولئ اجازت ورته اوکړئ چه لږ د سر درد ئے ښه شي۔

جناب سپیکر، حاجی عدیل صاحب! لږ به کوشش اوکړئ، ولے چه د نورو ممبرانو په بجټ باندے سپیچونه دي، بیا پاتے کیږي۔

حاجی محمد عدیل: جناب سپیکر! میں کوئی سیاسی بات نہیں کر رہا ہوں، صرف سپلیمنٹری بجٹ کی بات کر رہا ہوں۔

جناب نجم الدین: جناب سپیکر صاحب! زما دا نوم اوګورئ چه په کوم نمبر باندے دے، زه به هغه وخت بیا راشم۔

جناب محمد بشیر خان: سپیکر صاحب! دے وخت کښې بی بی نشته، دے زمونږ پارلیمانی لیډر دے۔ تاسو ورته توجه نه ورکوئ، دا زمونږ پارلیمانی لیډر دے۔

جناب سپیکر: زه ورله بالکل توجه ورکوم خو چه تاسو به بیا ګله نه کوئ، ولے چه دا خو دوه ورخے دی، چه پاتے شئ نو پاتے به یئ۔

جناب محمد ہاشم خان (چارسدہ): زمونږ د ټولو نمبر په نمبر ده له به لږ وخت ورکوئ۔

وزیر تعلیم: د دوئ خبرے په مونږه ښه لګی چه څومره وخت دوئ اخلی---

حاجی محمد عدیل: جناب سپیکر! "سیکنڈ سائنس ایجوکیشن پراجیکٹ" کیلئے 3.409 ملین رکھے گئے تھے، سائنس سے تو ہمیں نفرت ہیں ناں، لیکن اب ایک پیسہ نہیں رکھا گیا ہے Revised Budget میں۔ جناب! میں وزیر تعلیم سے پوچھتا ہوں کہ "سیکنڈ پرائمری ایجوکیشن فار گرلز" کیلئے 3.409 ملین روپے رکھے گئے تھے لیکن اب اس کیلئے بھی ایک پیسہ نہیں رکھا گیا ہے۔ جناب سپیکر! عجیب بات یہ ہے کہ جس کیلئے آپ رکھتے ہیں، وہ آپ اپنے گھر لے جاتے ہیں۔ جناب! جاپان سے Japanees loan ہمیں ملتا ہے اور اسے ہم اکثر کمیٹیوں میں بہت Discuss کرتے ہیں کہ 'Rural Roads Construction Programme' ہے، میں اب صفحہ نمبر نہیں بتاؤں گا، اب میں صفحہ نمبر نہیں بتاؤں گا، بعد میں مجھ سے پوچھ لیں -------

وزیر مال: چپکے سے بتائیں۔

حاجی محمد عدیل: "زورل روڈز کنسٹرکشن" کیلئے 138.203 بلین روپے رکھے گئے تھے---

وزیر مال: سپیکر صاحب! دوئ ته صفحه پخپله نه ده معلوم، د چا نه ئے اوریدلی دی۔

حاجی محمد عدیل: آخر میں مَیں آپ کو بتا دوں گا لیکن جو Revised Budget میں آیا

ہے، وہ 116.378 ملین ہے --------

وزیر مال، سپیکر صاحب! دا اوریدلے خبره کوی، کنی نورے صفحے نے اوونے، ددے نه دی، خو معلومه ورته نه ده۔

Haji Muhammad Adeel: Mr. Speaker Sir, please tell him to sit down. (Laughter) Otherwise I will throw this document to him.

Mr. Speaker: Please, Pir Muhammad Khan.

Haji Muhammad Adeel: This is too much ---------

Minister for Educaton: Throw this document to him or on him.

Mr. Speaker: No, no, Haji Sahib, please, please, that's all.

